# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

(شعبہ اردو)

## وارننگ

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ:

1 - اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ اپنے سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہوسکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2- کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی ''مواد کی چوری'' **Plagiarism** پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس: اردو شاعری (5608) سمسٹر: خزاں، 2025ء

سطح: ایم اے

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے

ہدایات برائے طلبہ ایسوسی ایٹ ڈگری، بی ایس، بی ایڈ، ایم اے، ایم ایس سی، ایم ایڈ (ODL موڈ)

1- تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ ہر سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2- سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔

3- ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین (scanned) کی گئی امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔ صرف اردو اور عربی میں اپنی مشقیں حل کرنے والے طلبہ اپنی ہاتھ سے لکھی ہوئی مشق سکین کر کے اپنے LMS پورٹل پر اَپ لوڈ کر سکتے ہیں۔ فائل کا زیادہ سے زیادہ سائز 5MB ہونا چاہیے۔

4- ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (Word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اَپ لوڈ کیجیے۔

5- مقررہ تاریخ کے بعد / تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپنے متعلقہ ٹیوٹر کو بھیجنے کی صورت میں تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہو گی۔

6- آپ کے تجزیاتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7- غیر متعلقہ بحث / معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:40

## امتحانی مشق نمبر1

سوال1- گلزار نسیم کے نمایاں فنی اوصاف بیان کیجئے جو آپ کے خیال میں اس کی مقبولیت کے مظہر ہیں۔ (20)

سوال2- غزل کے برعکس قصیدہ نگاری سے مرزا محمد رفیع سودا ایک فطری مناسبت رکھتے ہیں۔اظہار خیال فرمائیے۔ (20)

سوال3- ذوق کی قصیدہ نگاری کے محاسن کا تفصیلی جائزہ پیش کیجئے۔ (20)

سوال4- زبان و بیان کے حوالے سے میر انیس کی مرثیہ نگاری کے خصائص کا جائزہ لیجیے۔ (20)

سوال5- اکبرالہ آبادی کی شاعری میں سے کس حد تک قومی و ملی شعور کا احساس جلوہ نما ہے؟ بحث کیجیے۔ (20)

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:40

## امتحانی مشق نمبر2

سوال1- نظیر اکبرآبادی کی شاعری اپنے عہد کی شعری روایت سے بغاوت کی نمایاں مثال ہے، بحث کیجیے۔ (20)

سوال2- جوش شاعر رومان ہیں یا شاعر انقلاب؟ مدلل بحث کیجیے۔ (20)

سوال3- مسلم نشاۃ الثانیہ کے حوالے سے حالی کی نظم نگاری کا جائزہ لیجیے۔ (20)

سوال4- حفیظ جالندھری نے اردو گیت نگاری میں جو مقام بنایا کیا وہ محض ہندی الفاظ کی بدولت ہے؟ بحث کیجیے۔ (20)

سوال5- مسدس حالی اپنے موضوع کی عظمت اور پیش کش کے اعتبار سے اردو نظم نگاری کی تاریخ میں لازوال حیثیت رکھتی ہے۔اظہار خیال فرمائیے۔
(20)